سوال

حدیث کی صحت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ایک حدیث اکثر بیان کی جاتی ہے، جس کا مفہوم ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر قبرستان سے ہوا دو قبر والوں پر عذاب ہو رہا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے درخت کی ٹہنی لے کر قبر پر رکھ کر ارشاد فرمایا کے جب تک یہ سبز رہے گی عذاب رکا رہے گا۔ یہ حدیث کس کتاب میں ہے اور اس کی صحت کے بارے میں تفصیل سے جواب مرحمت فرمادیں۔ جزاکم اللہ خیرا

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

محترم بھائی یہ حدیث بخاری کی ہے اور بخاری شریف کی تمام احادیث صحیح ہیں۔ اس کا نمبر (5592) ہے۔ البتہ یہ حکم صرف آپ کے ساتھ خاص ہے۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث